روزنامہ مشرق لاہور
اشاعت خاص



عوامی خدمت اولین ترجیح اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب کا گزشتہ برس 210,000 فیصلوں کا عالمی ریکارڈ

قرطاس نقوی

ملک بھر میں دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے شہریوں کو گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے وفاقی محتسب کے اشتراک سے قصبوں اور چھوٹے شہروں میں جا کر 126 کیمپ لگائے گئے، وفاقی محتسب کی سماعت کیمپوں کے سربراہ کاری اداروں کے 79 دورے کئے اور 149,146 اوورسیز کے مسائل حل، 67 فیصد عوام کا اظہار اطمینان

صرف ایک سادہ کاغذ پر درخواست لکھیں، اپنی درخواست کے ساتھ شناختی کارڈ اور متعلقہ محکمہ کی طرف سے کی جانے والی ناانصافی کے حوالے سے کوئی بھی دستاویز بھیجیں یا کسی مال، ملازمتی قواعد کا بیان لگائیں اور بھیج کر اپنی درخواست کا نمبر حاصل کر لیا جائے گا اور اس درخواست کا فیصلہ اداروں کی طرف سے ایک سال میں نہیں بلکہ 60 روز میں کر دیا جائے گا۔ اس سے اہم بات یہ ہے کہ 80 فیصد کیسز درخواستوں کا فیصلہ سائل کے حق میں ہوتا ہے اور اس فیصلہ پر متعلقہ محکمہ عمل بھی کرتا ہے۔ وفاقی محتسب کے فیصلہ کے خلاف اپیل صرف صدر کے پاس ہو سکتی ہے جس کی شرح صرف 0.4 فیصد ہے۔ سالانہ تین لاکھ کے قریب درخواستوں کا فیصلہ کر کے وہ عام افراد کو انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایک اہم کانفرنس جس میں ان کے ادارے کی کارکردگی کے ساتھ ساتھ ان کی اپنی شخصیت کے حوالے سے بھی بہتر حاصل گفتگو ہوئی جہاں ادارے کے اغراض و مقاصد اور کامیابی کیلئے کارکنان کے فرائض خدمت ہے۔

وفاقی محتسب کے طور پر اعجاز احمد قریشی وفاقی حکومت نے 18 دسمبر 2021 کو کی، اعجاز احمد قریشی کی بطور وفاقی محتسب تعیناتی 4 سال کیلئے کی گئی۔ صدر مملکت کی منظوری کے بعد ان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ اس سے قبل سید طاہر شہباز اس عہدے پر فائز تھے۔ اعجاز احمد قریشی ویب سیکرٹری سندھ، ویب سیکرٹری گلگت بلتستان اور سیکرٹری ریسرچ و سیکرٹری ریگولیٹری اتھارٹیز کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی نے 1972 میں مقابلے کا امتحان پاس کر کے بطور اسسٹنٹ کمشنر سول سروس کا آغاز کیا۔ وہ ڈپٹی کمشنر، کمشنر اور کئی صوبائی محکموں کے سیکرٹری کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ وہ کئی برس سے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں سینئر ایڈیشنل سیکرٹری اور ڈپٹی کمشنر اور کمشنر کے اضافی چارج کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے میں اضافہ کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ وفاقی محتسب کے ادارے میں ہر سال 149,146 کیسز کا فیصلہ کر کے 67 فیصد عوام کا اظہار اطمینان حاصل کر چکے ہیں۔ وہ